فوری ریلیز کے لیے: 14/9/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے MTA میٹرو نارتھ ریل روڈ کی جانب سے دو ہفتوں کے دوران دوسری مرتبہ عالمی وبائی زمانے والے رائیڈرشپ کے ریکارڈ کے ٹوٹنے کا اعلان کیا ہے

منگل 13 ستمبر کو میٹرو-نارتھ نے 180,200 سواریاں اٹھائیں جو تعداد بدھ 7 ستمبر کو قائم کردہ پچھلے ریکارڈ سے زیادہ ہے

جب سے عالمی وبا کا آغاز ہوا ہے تب سے نیویارک شہر کی سب وے اور لانگ آئی لینڈ کی ریل روڈ پر کل رائیڈرشپ کی دوسری بڑی تعداد سامنے آئی ہے

MTA ایجنسیوں کے لیے رائیڈرشپ کا روزانہ کا ڈیٹا[یہاں](#)دیکھیں

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ میٹرو-نارتھ ریلوے نے عالمی وبائی زمانے کی ریکارڈ رائیڈرشپ، کل 180,200 سواریاں، یا قبل از عالمی وبا کی اوسط کی 68.6 فیصد سواریاں منزل پر پہنچائی ہیں، یوں میٹرو نارتھ کے بدھ، 7 ستمبر کو قائم ہونے والے 179,600 سواریوں کے سابقہ ریکارڈ پر سبقت لے گئی ہے۔ یومِ مزدور کے بعد ہفتے کے چار دنوں میں میٹرو-نارتھ کی رائیڈرشپ کی تعداد COVID کے شروع ہونے کے بعد سے بلند ترین ایک چار روزہ سلسلہ تھی، جس میں ہفتے کے عام دن میں سواریوں کی اوسط تعداد 171,000 یا عالمی وبائی زمانے سے پہلے کی اوسط کا 65.1 فیصد تھی۔

"ہماری رائیڈرشپ کی ریکارڈ توڑنے والی تعداد اس بات کی ایک تازہ ترین نشاندہی ہے کہ نیویارک شہر اور ہڈسن ویلی میں عالمی وبا کے بعد نیویارک کی واپسی کی رفتار تیز ہو رہی ہے۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیویارک کے مزید باشندوں کی جانب سے ہماری پبلک ٹرانزٹ کا استعمال نہ صرف معیشت کے لیے اچھا ہے، بلکہ ماحولیات کے لیے بھی ایک زبردست عمل ہے، اور یہ تازہ ترین سنگ میل آنے والے دنوں کی حوصلہ افزا جھلک دِکھاتا ہے۔"

میٹرو نارتھ کی صدر اور لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کی عبوری صدر Catherine Rinaldi نے کہا، "ہم تمام ریل روڈ سفری مارکیٹس میں سواریوں کی واپسی کے ایک صحت مند رجحان کا مشاہدہ کر رہے ہیں، جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ سواریوں کو یہ معلوم ہو رہا ہے کہ ہمارے علاقے میں سفر کرنے کے لیے مسافر ریل روڈ ایک تیز اور آسان طریقہ ہے - جو کہ ہماری نئی Train Time ایپ کے آغاز کے ساتھ مزید بہتر ہو گیا ہے جس میں ٹکٹنگ، ہائپر گرینولر ریئل ٹائم ٹرین کی معلومات اور براہ راست تعامل والی کسٹمر سروس ایک ہی جگہ دستیاب ہے۔"

مزید یہ کہ، نیویارک شہر کے ٹرانزٹ اور لانگ آئی لینڈ ریل روڈ پر بھی رائیڈرشپ کی تعداد بڑھ گئی تھیں۔ 13 ستمبر کو سب وے میں رائیڈرشپ 3.61 ملین تک پہنچ گئی تھی، جو کہ مارچ 2020 میں نیویارک میں عالمی وبا کے شروع ہونے کے بعد سے دوسری بلند ترین تعداد ہے۔ اسی دن بسوں نے تقریباً 1.42 ملین سواریاں اٹھائیں۔ LIRR نے 200,200 سواریاں یا عالمی وبا سے پہلے کی رائیڈرشپ کی نسبت 69 فیصد سواریاں اٹھائیں، جو کہ عالمی وبا کی دوسری بلند ترین رائیڈرشپ ہے اور 204,000 کے ساتھ یہ عدد بدھ، 7 ستمبر کو قائم شدہ ریکارڈ کے بعد دوسرے نمبر پر ہے۔

MTA اس سال کے شروع میں پیش کی گئی کرائے کی رعایتوں کے ذریعے مسافروں کی مسلسل حوصلہ افزائی کر رہا ہے۔ لانگ آئی لینڈ ریل روڈ اور میٹرو-نارتھ دونوں نے کرایوں میں پیشکش فراہم کرنا شروع کر دی ہیں جن میں ماہانہ پاسز کے لیے 10 فیصد رعایت دی گئی ہے، اور ہائبرڈ ورک شیڈول کے لیے خصوصی تیار کردہ 20 ٹرپ کا ایک نیا ٹکٹ شامل ہے۔ 20 ٹرپ کا نیا ٹکٹ مسافرین کو ریگولر پیک کے ایک طرفہ کرایوں میں 20 فیصد کی بچت فراہم کرتا ہے۔ پانچ بوروز کے اندر اندر سفر کرنے والے مسافر ٹرین کے مسافروں کے لیے MTA نے سٹی ٹکٹ کو بھی وسعت دی ہے، جو ویک اینڈز پر نیو یارک سٹی کے اندر ریل کے سفر کے لیے $5.00 کا کم اور یکساں کرایہ پیش کرتا ہے، جس میں ہفتے کے تمام دن آف پیک ٹرینیں شامل کی گئی ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov

ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418